16/03/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **اعجازہ اختر**

لیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج نے کہا ہے کہ سرکار کی کوشش رہی ہے کہ دہشت پسند ی سے متاثر کوئی بھی کنبہ نظر انداز نہ ہو۔کل لوک بھون سرینگر میں دہشت پسندی سے متاثرہ کئی افراد کے لواحقین کو تقرر نامے تقسیم کرنے کے موقعے پر خطاب کر تے ہوئے انہوں نے کہا کہ انتظامیہ نااِنصافی کو ختم کرنے اور متاثر ہ کنبونکی دہلیز تک اِنصاف پہنچانے میں کامیاب ہوئی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ یہ عمل
ا

---

س وقت تک جاری رہے گا جب تک ہر متاثر کنبے تک اِنصاف نہ پہنچ جائے۔ ایل جی نے کہا کہ گزشتہ6 برسوں میں وزیر ± اعظم نریندر مودی کی رہنمائی میں کئی اہم اقدامات کئے گئے جن کا مقصد ایک ایسا جموں و کشمیر تعمیر کرنا ہے جو ماضی کے مصائب سے آزاد اور خود اعتمادی سے بھرپور ہو۔

ایل جی ملاقات

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ کل لوک بھون سرینگر میں کئی عوامی وفود اور نمائندوں نے ملاقات کی ۔ جن میں وزیر زڈی بل تنویر صادق، ایم ایل اے چاڈورہ علی محمد ڈار ، ایم ایل اے پٹن جاوید MLA اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی ، ریاض بیدار اور ایم ایل اے سونا واری ہلال اکبر لون شامل تھے ۔

کشمیرکا ایک وفد نے ایسو سی ایشن کے صدر سنجے کول کی سربراہی Minority Employees Association اس دوران میں لیفٹنٹ گورنر سے ملاقی ہوا ۔

ٹولپ گارڈن

سرینگر میں ایشیاءکا سب سے بڑا ٹولپ گارڈن جسے اندرا گاندھی میموریل ٹولپ گارڈن کے نام سے بھی جانا جاتا ہے کو سیاحوں کیلئے آج کھولا جائےگا۔

نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے Mat Hoora Masoom (اس حوالے سے ڈائریکٹر فلوری کلچر کشمیر (مَطہورہ معصوم ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

ایوارڈس

حکومت نے 2027 کے پدم ایوارڈز کیلئے نامزدگیاں اور سفارشات طلب کی ہیں۔ وزارت داخلہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ پدم ایوارڈز کا اعلان اگلے سال یوم جمہوریہ کے موقع پر کیا جائے گا۔ اِن نامزدگیوں کی آخری تاریخ 31 جولائی ہے۔ پدم ایوارڈز کیلئے یہ نامزدگیاں اور سفارشات راشٹرپتی پرسکار پورٹل کے ذریعے صرف آن لائن موصول کی جائیں گی۔

بڈگام

محکمہ سوشل فاریسٹری بڈگام نے کل ضلعے میں یوم چنار جوش و خروش کے ساتھ منایا ۔ اس موقعہ پر شجر کاری اور بیداری کے حوالے سے بھی ایک پروگرام منعقد کیا گیا تاکہ ماحولیات کے تحفظ کو فروغ دیا جا سکے اور چنار کی تاریخی اہمیت اجا گر کی جائے۔ اس دوران ضلعے کے کئی اہم مقامات پر چنار کے پودے لگائے گئے ۔

دن

آج ٹیکہ کاری کاقومی دن منایا جا رہا ہے۔ اس دن کو منانے کا مقصد لوگوں میں وبائی بیماریوں سے بچاؤ کےلئے ویکسین کی اہمیت کے بارے میں بیداری پیدا کرنا ہے۔

بارش

کشمیر خطے میں موسم میں آئی تبدیلی کے بعد کئی بالائی علاقوں میں برفباری اور میدانی علاقوں میں وقفے وقفے سے بارشوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اس دوران کل سنتھن ٹاپ پر ہوئی برفباری کے بیچ 31 گاڑیوں میں سوار 220 کے قریب درماندہ مسافروں کو نیشنل ہائی ویز اینڈ انفراسٹرکچر ڈیولپمنٹ کارپوریشن لمیٹڈ اور جموں کشمیر پولیس کے اہلکاروں نے تمام درماندہ مسافروں کو گاڑیوں سمیت Rescue کیا ۔

دریں اثناءمسافروں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ سفر کرنے سے پہلے موسم اور سڑکوں کی حالات کے بارے میں جانکاری حاصل کریں۔ انہوں نے حکام کی جانب سے جاری ایڈوائزری پر سختی سے عمل کرنے کی ہدایت دی۔

فاتحہ خوانی

وادی کے معروف
ص

---

وفی بزرگ ،شاعر اور لوک فنکار مرحوم محمد عبد اللہ متو تار بلی کی اجتمائی فاتحہ خوانی کل انجام دی گئی اس موقعے ±
پرمعروف عالم الدین مولانا شوکت
ح

---

سین کینگ نے موت و حیات کے فلسفے پرروشنی ڈالی۔±

اطلاع

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر کے لئے فون کالز کی ریکارڈنگ آج اور کل صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر 0194-2452019 پر ہو رہی ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت5 اعشاریہ 3 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت11اعشاریہ5 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ